## تمام مقدسین کی عید

مکاشفہ14-9,4-2:7 — زبور:23

1یوحنا 3-1:3 — مقدس متی 12-1:5

**"مبارک ہیں وہ جو صلح کرواتے ہیں کیونکہ وہ خدا کے فرزند کہلائیں گے"۔ مقدس متی 9:5**

آج کا دن ہم بہشت کے تمام تر مقدسین کے ساتھ مناتے ہیں۔ ہم ان سے ایک پاک حسد سے حاسد ہوں اور ان کے ایمان اور محبت کی پیروی کرنے کی کوشش کریں۔ یسوع مسیح سے ان کی محبت ہی زمین پر امن لائی اور ہم آج ان کی محنت اور کارکردگی سے پُرمسرت زندگی گزارتے ہیں۔





## مرحوم ایمانداروں کا یومِ یادگار

حکمت 9-1:3 — زبور:41

مکاشفہ7-6,5-1:21 — مقدس متی 12-1:5

**"کیونکہ ہر ایک جو بیٹے کو دیکھتا اور اس پر ایمان رکھتا ہے۔ ہمیشہ کی زندگی پائے"۔ یوحنا 40:6**

ہم یسوع مسیح پر اپنی نظر جمائے رکھیں۔ تا کہ اس پر ہمارا ایمان مضبوط رہے۔ ہم بھی ان کی طرح جو ہم سے پہلے ہمیشہ کی زندگی میں شریک ہوئے ہیں اور جو ہم سے پہلے تنگ دروازے سے گزر چکے ہیں۔ باپ سے گذارش کریں کہ ان کی انسانی کمزوریوں کے باوجود انہیں معاف کر کے قبول فرمائے ہم بھی انہیں معاف کریں اور وہ بھی معاف کریگا۔ اس خوشی میں جس کا وعدہ یسوع مسیح نے ان سے کیا جو اس کے ساتھ ہیں۔ تا کہ اس میں ابد تک خوشی مناتے رہیں۔

## مقدس مارٹن دی پورس

رومیوں 2:1-5 زبور: 147

### مقدس لوقا 14:1-6

**"اس نے اسے ہاتھ پکڑ کر شفا دی اور رخصت کیا۔" مقدس لوقا 14:4**

یسوع مسیح بیمار کا مشاہدہ بڑی ہمدردی سے کرتا ہے۔اس کا باپ اسے بھرپور زندگی نہیں دینا چاہتا؟ کیا وہ یہ نہیں چاہتا کہ وہ بھی اس کے کلام میں عید منا سکے؟ اس لئے وہ پیار کرتا ہے۔اگرچہ اس کے مخالف اس کے اپنے آپ کو دینے اور اس کی اندرونی آزادی سے حسد کرنے والے چاہتے ہیں کہ ہم اِسے ختم کر دیں۔





## چارلس بررومیو

رومیوں 11:1-2,11-12,25-29 زبور: 93

### مقدس لوقا 14:1,7-11

**"خدا کے تحائف اور اس کی بلاہٹ غیر متبدل ہے۔" رومیوں 11:29**

مقدس پولوس دُکھ میں ہے۔ کیونکہ اس کی قوم کا بیشتر حصہ یسوع مسیح کو قبول نہیں کرتا۔ باپ وفادار ہے۔ کیونکہ وہ محبت ہے۔ وہ اپنی پرانی قوم سے وفادار ہے۔عبرانیوں سے ایک دن وہ ایسا کریگا کہ وہ یسوع مسیح پر ایمان لے آئیں گے۔ جیسے ہم مسیحی اس کی نئی قوم۔ ہم نے اس پر ایمان لانا شروع کر دیا ہے۔ہم باہمی محبت کے ساتھ اور یسوع کے ساتھ متحد ہو کر ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔

**ملاکی 10-8,2:2,14:1** — **زبور: 130**

**تسالونیکیوں 13,9-7:2** — **مقدس متی 12-1:23**

## "جوتم سے بڑا ہے وہ تمہارا خادم ہو۔" مقدس متی 11:23

وہی بڑا ہے۔ جو دوسروں کا ذمہ دار ہے۔ہم اس وقت بڑے ہیں جب ہم ایک دوسرے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔خادم ہونا تو محبت کا قدرتی قانون ہے۔ جب ہم کسی سے محبت کرتے ہیں تو اس کے اوپر جھک جاتے ہیں۔ اور اس کی مدد اور خدمت کرنے کی تمنا رکھتے ہیں۔خود خداوند نے یہ کہا۔ میں بھی یسوع مسیح کی مانند دوسروں کی خدمت کرنے میں بڑا ہونا چاہتا ہوں۔





**رومیوں 36-29:11** — **زبور 68**

**مقدس لوقا 14-12:14**

## "جب تو ضیافت کرے تو غریبوں کو مدعو کر۔" مقدس لوقا 13:14

یسوع مسیح کا اس بات پر زور دینا کافی سخت ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہماری محبت اس کی محبت کی مانند ہو۔مکمل طور پر بے لاگ، بے لوث، کسی قسم کی امید سے آزاد ہمارے دل میں ابھی سے اُس محبت کا نقشہ پیش کرے گی جب ہم آسمان پر جائیں گے۔ جب ہم اس زمین کی کسی چیز سے بندھے نہیں ہونگے۔

رومیوں 12:5-16 زبور130

## مقدس لوقا 14:15-24

**"لیکن تم روح میں سرگرم رہو۔" رومیوں 12:11**

مقدس پولوس ہمیں تاکید کرتا ہے۔ کہ ہم روح میں سرگرم رہیں۔ ہم ایسا تب کر سکیں گے جب کہ خداوند کے کلام کو اپنی زندگی میں بلند رکھ سکیں گے۔ اس لئے ہم چرچ کی دعا اور تربیت کے ان پروگراموں میں سرگرمی سے شریک ہوں۔ اتوار کی پاک ماس اور اگر ہو سکے تو روزانہ کی پاک ماس میں تاکہ غریبوں میں یسوع مسیح کی خدمت کرتے رہیں۔





رومیوں 13:8-10 زبور111

## مقدس لوقا 14:25-33

**"جو اپنی صلیب نہیں اٹھاتا وہ میرا شاگرد نہیں ہو سکتا" مقدس لوقا 14:27**

یسوع مسیح کی خدمت کرنے کی کوشش کرتے ہوئے مجھے محسوس ہوا کہ میں اپنے ایک بھائی کی مخالفت میں ہوں۔ یہی صلیب ہے۔ میں نے بڑی مشکل سے اپنی خواہش اور نظریے کو ترک کیا۔ میں نے اپنے بھائی کی بات سننے کی کوشش کی اور خود کو حلیم کرتے ہوئے جو اس نے کہا اِسے یسوع مسیح کی میرے لئے مرضی سمجھتے ہوئے قبول کیا۔ اے روحِ پاک اس مشورے کے لئے تیرا شکریہ۔

## مقدس یوحنا لاطران باسیلقا کی تقدیس

حزقیال 12,9-8,2-1:47 زبور: 45

مقدس یوحنا 22-13:2

**"میرے باپ کے گھر کو تجارت گاہ مت بناؤ۔" مقدس یوحنا 16:2**

اے یسوع مسیح تو جو پوچھتا ہے وہ ایک عظیم تحفہ ہے ہم جو اپنے اور تیرے باپ کے گھر میں کرتے ہیں۔اس سے کسی طرح اُس کی محبت، حکمت اور رحم کا پہلو واضع ہوتا ہے۔ہم باپ کے گھر میں خاموشی سے، دھیان سے اور سجدہ کرنے کی حالت میں رہیں گے۔ ہماری دعا تیری موجودگی اور محبت کو ظاہر کرے گی تُو بات کرنا، اور محبت کرنا سکھاتا ہے۔آج ہم اس دعا کے لئے شکر گزار ہیں۔ جو ہمارے پوپ صاحب خداوند کے حضور اُس گرجہ گھر میں کریں گے جو سب گرجوں کی ماں ہے۔

---





## مقدس لیو پاپائے اعظم

رومیوں 21-14:15 زبور 97

مقدس لوقا 8-1:16

**"اپنی مختاری کا حساب دے"۔مقدس لوقا 16:2**

انسان کسی چیز کا مالک نہیں۔ میں اپنی زندگی کا بھی مالک نہیں۔ مجھے اس کا حساب دینا ہوگا۔ میں چاہتا ہوں کہ باپ سے یہ کہہ سکوں کہ میں نے اپنی زندگی کو پیار کے لئے، خود سپردگی کے لئے اور اپنے بھائیوں کی مدد کے لئے وقف کیا ہے تا کہ وہ امن اور ایک دوسرے کو سمجھ کر زندگی بسر کر سکیں۔

---

## ٹورز کا مقدس مارٹن

رومیوں 27,22,16,9-316 زبور 144

مقدس لوقا 15-9:16

**”کوئی خادم دو مالکوں کی خدمت نہیں کرسکتا۔“ مقدس لوقا 13:16**

اے یسوع مسیح میں تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ تو بڑے صاف انداز سے مفاہمت کی بات کرتا ہے میں اس دنیا کی خواہشات یعنی اپنے کسی فائدے، دوسروں کے سامنے اچھے ہونے، اوّل جگہ لینے سے آزاد ہونا چاہتا ہوں۔ تاکہ حقیقی اور پورے طور پر خود کو تیرے لئے منتخب کرسکوں۔ جو کہ نور، امن وسکون اور حقیقی زندگی ہے اور سب کی بھلائی کے لئے ہے۔





## مقدس یوسافط

حکمت 16-12:6 زبور 62

1 تسالونیکیوں 18-13:4 مقدس متی 13-1:25

**”میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میں تمہیں نہیں جانتا“۔ مقدس متی 12-25**

اس سے زیادہ سخت الفاظ میں اَور کیا سن سکتا ہوں یہ بالکل اُسی کے الفاظ ہیں۔ جو مجھے خود مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ جو مجھے بے حد پیار کرتا ہے۔ شفقت اور ابد تک پیار کرتا ہے۔ کئی دفعہ میں اس محبت کو بھول جاتا ہوں۔ اور پھر میری اس کے لئے محبت کا چراغ گُل ہو جاتا ہے۔ آج اتوار کا دن میرے اندر میرے بھائیوں کے لئے اُن کی موجودگی، دُعا اور اُن کے گیتوں سے خُدا کی محبت اور لگن کو اُجاگر کرے گا۔

**حکمت 17-1:1** — **زبور 138**

## مقدس لوقا 6-1:17

### "اگر وہ توبہ کرے تو اسے معاف کر"۔ مقدس لوقا 3:17

اس نے کتنا بڑا اقدم لیا جو میرے پاس معافی پوچھنے آتا ہے۔ اُسے میرے لئے اس عمل کو سمجھنا کس قدر مشکل ہے۔ جو خود اپنا گناہ قبول کرتا ہے۔ اور یسوع مسیح کے نام پر اپنے بھائی سے معافی مانگنے کے لئے حلیم بن جاتا ہے۔ اسے باپ کے دل نے پہلے ہی معاف کر کے قبول کر لیا۔ اگر میں معاف نہیں کرتا تو اس کے دل کے باہر رہونگا۔





**حکمت 9:3-23:2** — **زبور 33**

## مقدس لوقا 10-7:17

### "خدا نے انسان کو اپنی ہی شکل وصورت پر بنایا" حکمت 23:2

اے باپ تیرا شکر ہو کہ تو نے آدمی اور عورت کو اپنی حقیقی شکل وصورت پر بنایا۔ لیکن نہ صرف وہ یسوع کی صورت میں مکمل ہے بلکہ ہمیں حکمت عطا کرتا ہے کہ ہم اس کی شکل وصورت کو قائم رکھیں۔ چاہے وہ ہم میں ہو یا ہمارے ایمانی بھائیوں اور سب انسانوں کے اندر ہو۔

## مقدس البرٹ اعظم

حکمت 11-1:6 زبور 81

مقدس لوقا 19-11:17

### "جو پاک چیزوں کو پاکیزگی سے رکھتے ہیں وہ پاک کئے جائیں گے۔" حکمت 10:6

وہ کونسی پاک چیزیں ہیں جنہیں سنبھال کے رکھنا چاہیئے؟ خدا کی سب نعمتیں ، ایمان، امید، کلام، ساکرامنٹ، ہمارا بدن اور ہمارا ذہن، سب پاک ہیں۔ ہم ان کو محفوظ رکھتے ہوئے کسی کو بھی بے جا غرور اور بدی سے نہیں ڈھانپیں گے۔





## اسکاٹ لینڈ کی مقدسہ مارگریٹ، مقدسہ گرٹروڈ

حکمت 1:8-22:7 زبور: 118

مقدس لوقا 25-20:17

### "خدا کی بادشاہی تمہارے درمیان ہے"۔ مقدس لوقا 21:17

خدا کی بادشاہی وہ جگہ ہے۔ جہاں اس کی فرمانبرداری میں جیا جاتا ہے۔ اور جہاں لوگ یسوع مسیح کے بھائیوں کی مانند ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ خدا کی بادشاہی وہاں ہے جہاں باپ کا بھیجا ہوا بادشاہ۔ اس کا بیٹا یسوع مسیح ہے۔ کیا وہ میرے اندر ہے؟

تو پھر میں اس کی بادشاہی ہوں۔ کیا وہ ہمارے درمیان ہے؟ تو پھر ہم اس کی بادشاہی ہیں۔

## ہنگری کی مقدسہ الیصابات

حکمت 13:1-9 زبور 18

مقدس لوقا 17:26-37

### ''مخلوقات کی خوبصورتی سے بطریق قیاس اس کا پیدا کرنے والا دیکھا جا سکتا ہے''۔ حکمت 13:5

آج کا کلام ہمیں ایک خوبصورت دعا کا مشورہ دیتا ہے۔ کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے یا سیر کرتے ہوئے ہم پہاڑوں اور ان کے قیام کا مشاہدہ کرتے ہوئے، ہوا سے ہلتے بادل، درخت اور ان کے پھل، پرندے جو خوشی سے آسمان کی طرف پرواز کرتے ہیں تو ہم خُداوند کی حمد وتعریف اور شکرگزاری کرتے ہوئے خُداوند کے نام کو جلال دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں اے باپ تیرا شکر ہو تیرے استحکام وتخلیق، تیری حکمت، تیرے قوانین کا باضابطہ رکھنے ہیں۔





## مقدس رسول پطرس اور پولوس کے باسلیقوں کی تقدیس

حکمت 18:14-16,19:6-9 زبور 104

مقدس لوقا 18:1-8

### ''یسوع نے اپنی نگاہ اوپر کی۔'' مقدس لوقا 19:5

یسوع مسیح کو احساس ہوا کہ زکائی اسے دیکھنا چاہتا ہے۔ اسے ہماری ہر اس اندرونی حرکت کا پتہ چل جاتا ہے۔ جس کو اس کی محبت اور اس کی نگاہ کی خواہش ہوتی ہے۔ جب ہم اس کی سمت میں ٹھوس قدم اٹھانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ جیسے زکائی نے کیا۔ تو وہ ہمیں اپنی خوشی اور سکون سے بھر دیتا ہے۔ ایسی خوشی جس کا پیشتر تجربہ نہ کیا ہو۔ اے یسوع تیرا شکر ہو۔

**امثال 31-30,20-19,13-103:1 زبور: 127**

**1 تسالونیکیوں 6-1:5 مقدس متی 30-14:25**

**''اس نے ایک کو پانچ قنطار دیئے''۔مقدس متی 15:25**

یسوع مسیح نے ہمیں فطرتی اور روحانی نعمتیں ہماری صلاحیتوں کے مطابق عطا کی ہیں۔اور وہ چاہتا ہے کہ ہم انہیں اُس کی بادشاہی کے لئے استعمال کریں۔اپنی دوسری آمد پر وہ ان کا حساب لے گا۔وہ دیکھنا چاہے گا کہ ہم نے کس طرح ان کو مفید طریقے سے استعمال کیا۔اس کی محبت کے لئے کیا گیا ہوگا۔تو وہ اس کا اجر دیگا۔جیسے وہ اپنے وفادار خادموں کے ساتھ کرنا جانتا ہے۔





**1 مکابین 64-62,57-54,43-41,15-10:1**

**زبور 118 مقدس لوقا 43-35:18**

**''تیرے ایمان نے تجھے بچالیا'' مقدس لوقا 42-18**

اب وہ اندھا دیکھ سکتا ہے۔اور اب وہ بھکاری نہیں رہا۔اس کے ایمان نے اسے اکسایا کہ وہ یسوع کو بلند آواز میں پکارے۔اگرچہ دوسرے لوگ تھے۔لیکن اس کے ایمان نے اسے پاؤں پر کھڑا کر دیا۔جب انہوں نے اسے روکا۔اس کے ایمان نے اسے حوصلہ دیا کہ وہ پوچھے جو اس نے اس سے پہلے کبھی کسی سے نہیں پوچھا تھا۔اس کے ایمان نے اسے زندگی میں آزادی اور خوشی عطا کی۔اور اب وہ اسے یسوع مسیح کے لئے مرنے کی خوشی دیتا ہے۔

## مقدس مریم کا ہیکل میں نذر کیا جاتا

**2 مکابین 6:18-31** **زبور 3**

### مقدس لوقا 19:1-10

**"اس نے اُسے خوشی سے قبول کیا۔" مقدس لوقا 19:6**

یہ کون ہے؟ ایک گناہگار، ایک بڑا گناہگار جس سے سب دور رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن اس نے یسوع مسیح سے پیار کرنا شروع کر دیا ہے اس لئے اب وہ گناہگار نہیں۔ وہ صلیب والے ڈاکو کی مانند ہے۔ اگرچہ یہ کوئی نہیں جانتا۔ اس کی زندگی بدل چکی ہے۔ اور اس کا رویہ بھی بدل جائیگا۔ یہ سب کے لئے ایک مثال ہے۔





## مقدسہ سسیلیا

**2 مکابین 7:1, 20-31** **زبور 16**

### مقدس لوقا 19:11-28

**"یسوع یروشلیم کی راہ لے کر سب کے آگے چلا۔" مقدس لوقا 19:28**

سب کو اوپر چڑھنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ یسوع مسیح اپنے فیصلے سے سب کو نمونہ دیتا ہے۔ صرف اسے معلوم ہے کہ اوپر مقدس شہر میں کیا کچھ ہمارا منتظر ہے۔ وہ جلدی میں ہے۔ کیونکہ وہ چاہتا ہے کہ باپ نے جو پیالہ تیار کیا ہے۔ اسے پی لے جو کہ سب کو مخلصی دینا چاہتا ہے۔ یہ چڑھائی کا سفر مقدسہ کنواری اور شہید روم کی سسیلیا نے گا کر مکمل کیا۔

## مقدس کلیمنٹ، مقدس کولمبن، مُبارک میکل آگسٹین پرو

**1 مکابین 2:15-29**　　**زبور 49**

**مقدس لوقا 19:41-44**

**"تو نے وہ وقت نہ پہچانا جب تجھ پر نگاہ کی گئی۔" مقدس لوقا 19 :44**

یسوع مسیح کی آنکھیں نم ہیں۔ ابھی تک اس کے آنسو جاری ہیں۔ کیونکہ جب ہم اُس کو قبول نہیں کرتے تب وہ شعوری یا لاشعوری طور پر روتا ہے۔ کیونکہ یروشلیم کے شہر نے اسے نہ چاہا۔ آج جب بھی میں اس کی مرضی کی بجائے اپنی مرضی کرونگا تو وہ بھی روئے گا۔





## مقدس اندریاس ڈنگ لیک اور ساتھی

**1 مکابین 4:36-37,52-59**

**زبور 1 قرنتیوں 29:10-12　　مقدس لوقا 19:45-48**

**"سب لوگ اس کی باتیں سن کر محو ہو جاتے تھے۔" مقدس لوقا 19 : 48**

یسوع مسیح کے منہ سے جو لفظ نکلتے تھے وہ سب کا دھیان اپنی طرف کھینچ لیتے تھے۔ وہ حکمت دینے والے تھے۔ یسوع مسیح کے یہ الفاظ اُن کے لئے محبت سے بھرپور تھے جو کہ غریب، مصیبت زدہ اور گناہون کی وجہ سے مشکلات میں گھیرے ہوئے تھے۔ میں بھی ان لوگوں کے ساتھ یسوع مسیح کی آواز سننے کو متحد ہوں۔

## سکندریہ کی مقدسہ کیتھرین

1 مکابین 13-1:6 زبور 9

مقدس لوقا 40-27:20

**"وہ جن کا آئندہ زندگی کے لئے انصاف کیا گیا۔ وہ فرشتوں کی مانند ہونگے"۔ مقدس لوقا 36:20**

کس کو معلوم کہ فرشتے کیسے ہیں۔ وہ خوبصورت ہیں۔ کیونکہ وہ صرف خود کے لئے نہیں سوچتے۔ وہ ہمیشہ خداوند کے جلال کے لئے حمد وتعریف میں مصروف رہتے ہیں۔ کیا میں بھی فرشتوں کی مانند ہوسکتا ہوں؟ میں ان کی پیروی کرنا شروع کرتا ہوں۔ اپنی زندگی کے ساتھ خداوند کی ستائش کرنے، محبت کے کاموں اور اپنی آواز کے ساتھ باپ اور بیٹے کے جلالی نام کو عزت دے سکوں۔





## یسوع بادشاہ کی عید

حزقیال 17-15,12-1134 زبور:22

1 قرنتیوں 28,26-20:15 مقدس متی 46-31:25

**"یہ ضروری ہے کہ وہ بادشاہی کرے"۔ 1۔قرنتیوں 25:15**

یہ ضروری ہے۔ ہاں! کیونکہ انسانوں کی زندگی کی تکمیل کے لئے خدا کی بادشاہی کا آنا لازمی ہے۔ جب تک کہ وہ بادشاہ کی فرمانبرداری نہیں کرتے تب تک ان کی زندگی کی خوبصورتی جو باپ نے ابتدا سے سوچ رکھی تھی وہ پوری نہیں ہوتی۔ اے یسوع مسیح آ۔ میں تیری فرمانبرداری کرنے کو تیار ہوں۔ تاکہ تیری بادشاہی کا نور چمکے۔ اور کہ ہم وہ معاشرہ تشکیل دے سکیں۔ جو تیرے بہشت سے ملتا ہو۔

دانیال 1:1-6,8-20    زبور دانیال 3:52-56

## مقدس لوقا 21:1-4

## ''اس نے اپنی ساری پونجی ڈال دی جو اس کے پاس جینے کے لئے تھی''۔ مقدس لوقا 21:4

وہ غریب بیوہ! جس کا کسی کو احساس نہ ہوا۔ گزری اور اس نے یسوع کو خوشی دی۔ اس نے اُس کی اس حرکت میں اسی کے دل کی امارت دیکھی۔ آج وہ مجھے بھی یہ فیصلہ کرنے کی طرف مائل کرتی ہے۔ کہ محبت کے چھوٹے چھوٹے کام کرسکوں۔ جن کا کسی کو معلوم نہ ہو۔ لیکن یسوع کو معلوم ہو۔





دانیال 2:31-45    زبور دانیال 3:57-61

## مقدس لوقا 21:5-11

## ''اور جب لڑائیوں اور خساروں کی خبر سنو تو گھبرا نہ جانا'' مقدس لوقا 21:9

اے یسوع مسیح تو جانتا ہے۔ کہ ہم مشکلات اور اذیت سے ڈر جاتے ہیں۔ ہم اپنے آپ کو تیرے سپرد کرتے ہیں۔ کہ تو ہمیں مضبوطی کی روح اور حکمت کی نعمت عطا فرما تا کہ جب ہمارا ایمان آزمایا جائے تو ہم تیرے وفادار رہ سکیں۔ ہم تیری محبت کو اپنے اندر بڑھائیں گے۔ کیونکہ محبت میں ڈر نہیں۔

دانیال 5:1-6,13-14,16-17,23-28

زبور دانیال 3:62-67 مقدس لوقا 21:12-19

**''تمہارے ماس گواہی دینے کا موقع ہوگا''۔مقدس لوقا 21:13**

یسوع مسیح جانتا ہے کہ اس کے شاگردوں کی ایذارسانی ذلت کا باعث نہیں ہوگی ۔جب کہ وہ اس کے نام کی وجہ سے اذائیں جھیلیں گے اور موت کو گلے لگائیں گے ۔تب ہی ان کی گواہی عیاں ہوگی۔ ابتدائی مسیحی کہتے تھے۔شہیدوں کا لہو نئے مسیحیوں کا بیج ہے۔اس لئے بہت سے ایماندار شہادت چاہتے تھے۔اُن کا ایمان اسقدر مضبوط تھا کہ وہ یسوع مسیح کی محبت کی خاطر اپنی زندگیوں سے مسیح کی حکمت اور خوبصورتی کا پیغام دوسروں تک پہنچانا چاہتے تھے۔





## مقدس اندریاس رسول

رومیوں 10:9-18 زبور 18

مقدس متی 4:18-22

**''انہوں نے اپنے باپ اور کشتی کو چھوڑا اور اس کے پیچھے ہو لئے۔'' مقدس متی 4:22**

ان میں سے ایک اندریاس ہے۔وہ جلد ہی فیصلہ کن اور آزادی سے یسوع مسیح کے پیچھے چلنا شروع کر دیتا ہے۔یہ ایسا سفر ہے جوسب کا بھائی، خدا کا بیٹا، بے دینوں کو نور دینے کے قابل بنا دیتا ہے۔یہ ایسا سفر ہے۔جس کی صلیب پر تکمیل ہوگی۔جیسے اس کے خداوند اور استاد کے لئے پورا ہوا۔